FCPS کے سپرنٹنڈنٹ کی طرف سے، مراسلاتی تعلیمی پلان سے متعلق پیغام [Subject:]

FCPS کے عزیز اہل خانہ:

اب جبکہ گورنر کے احکامات کے مطابق، اسکول تعلیمی سال کے آخر تک، بند رہیں گے ہمارے اسکول بورڈ کی مدد کے ساتھ، 14 اپریل سے، FCPS اپنے طلباء کے لیئے، مراسلاتی تعلیمی ہدایات شروع کرنے کا پلان کر رہا ہے۔

189,000 طلباء کے لیئے، مراسلاتی تعلیمی پلان کا آغاز، جس میں قریب 16,000 کلاس روم ٹیچر شرکت کریں گے، ایک پیچیدہ عمل ہے۔ ہم اس بات کو، سمجھتے ہیں کہ مراسلاتی تعلیم روزانہ کی ذاتی ہدایات کی جگہ نہیں لے سکتی اور ہم اسکول کے باقاعدہ دن کی نقل کرنے کی کوشش نہیں کریں گے۔

ہمارا مراسلاتی تعلیمی پلان طلباء کی صحت اور تندرستی کا خیال رکھتے ہوئے، ترقیاتی لحاظ سے مناسب طریقوں کے ذریعے، تعلیم جاری رکھنے کی سہولت فراہم کرتا ہے۔ اس پلان میں، پیپر لرننگ پیکٹس، ویڈیو نشریات، اسباق/ اسائنمنٹس اور تعلیمی مواد شامل ہے، جو بلیک بورڈ پر ڈالا گیا ہے اور طے شدہ آن لائن گفتگو کے ساتھ، انفرادی طور پر یا باہمی تعاون کے ساتھ مکمل کیا گیا ہے۔

ہماری تعلیمی خدماتی ٹیم نے، عملے کی ٹریننگ اور ہدایات شروع کرنے کے حوالے سے، پچھلے ہفتے ایلیمنٹری اور سیکنڈری اسکولوں کے پرنسپل حضرات کے ساتھ، آن لائن اجلاسوں کا انعقاد کیا۔ اپنی مراسلاتی تعلیمی ٹریننگ مکمل کرنے کے لیئے، اساتذہ بروز پیر، 30 مارچ کو، آن لائن کام پر واپس آئیں گے۔

براہ مہربانی یاد رکھیں کہ یہ پلان اس بات کو، ذہن میں رکھتے ہوئے تشکیل دیا گیا ہے کہ ہمارے عملے کے کچھ ارکان یا گھرانوں کو، مراسلاتی تعلیم میں شرکت کے حوالے سے، مشکلات کا سامنہ کرنا پڑ سکتا ہے اور اپنے طلباء کے بہترین مفاد کے لیئے، ہم سب کو، مل کر کام کرنے کی ضرورت ہو گی۔

مراسلاتی تعلیمی پلان اس طرح کام کرے گا:

ہائی اسکول مراسلاتی تعلیمی پلان

- طلباء تمام کورسز میں، اساتذہ کی زیرقیادت، اساتذہ کی مدد کے ساتھ اور خود مختار تعلیم میں مشغول ہوں گے۔
- 30 مارچ والے ہفتے کے دوران، اساتذہ طلباء سے، رابطہ قائم کریں گے، اسکول بند ہونے سے پہلے، سکھائے گئے تصورات کے جائزے کا مواد فراہم کریں گے، اور 14 اپریل کو، کلاسیں شروع کرنے کی تیاری کریں گے۔
- FCPS کا آن لائن کیمپس 30 مارچ سے، دوبارہ کام شروع کرے گا۔ اس وقت، جو طلباء 19 مارچ، 2020 کے سمر سیشن 1 یا سمر سیشن 2 کے، خود مختص معیشت اور ذاتی سرمایہ کاری کے کورس میں رجسٹرڈ ہیں، وہ بھی Virtual Virginia کے ذریعے، آن لائن کورس شروع کر سکیں گے۔

- ایسے طلباء میں، لیپ ٹاپس اور محدود تعداد میں، Mifi ڈیوائسز یا wireless hotspots تقسیم کرنے کے پلان تیار کیئے جا چکے ہیں، جن کے پاس گھر پر انٹرنیٹ کی کوئی سہولت موجود نہیں۔ اسکولوں کی طرف سے، گھرانوں کے ساتھ براہ راست رابطہ کیا جا رہا ہے، تا کہ وہ یہ آلات لینے کے لیئے، وقت طے کر سکیں۔ ہائی اسکول کے طلباء، جن کے پاس گھر پر انٹرنیٹ کی سہولت موجود نہیں ہے، انہیں MiFis دینے کی ترجیح دی جائے گی۔

مڈل اسکول مراسلاتی تعلیمی پروگرام

- طلباء اساتذہ کی زیرقیادت، اساتذہ کی مدد کے ساتھ اور خود مختار تعلیم میں مشغول ہوں گے۔

- تمام طلباء کو، لرننگ پیکٹس بذریعہ ڈاک تقسیم کیئے جائیں گے اور ان پیکٹس میں چار بنیادی کلاسوں کے حوالے سے، مواد شامل ہو گا: لینگوئج آرٹس، ریاضی، سائنس اور معاشرتی علوم۔ 30 مارچ والے ہفتے میں، تقسیم شروع کی جائے گی۔

- مڈل اسکول کے طلباء چار بنیادی کلاسوں میں، آن لائن، اساتذہ کی زیرقیادت تعلیم حاصل کریں گے، اس کے علاوہ عالمی زبانوں کی کلاسیں (HS کریڈٹ) 14 اپریل والے ہفتے میں شروع کی جائیں گی۔ اختیاری مضامین کے اساتذہ تعلیمی سرگرمیاں بلیک بورڈ پر، ڈالیں گے۔

- اس ہفتے اور اگلے ہفتے ان طلباء میں، لیپ ٹاپس تقسیم کرنے کے امدادی پلان کو، حتمی شکل دی جا رہی ہے، جن کے پاس گھر پر ڈیوائس موجود نہیں ہے۔ پک اپ کا بندوبست کرنے کے لیئے، اسکول براہ راست گھرانوں سے، رابطہ کریں گے۔

ایلیمنٹری اسکول مراسلاتی تعلیمی پلان

- طلباء اساتذہ کی زیرقیادت اور خود مختار تعلیم میں مشغول ہوں گے۔

- اساتذہ کے پاس، چیک- ان، آن لائن گفتگو، فون کالز اور طلباء کے ساتھ ای میل کا وقت بھی ہوگا۔

- تعلیمی پیکٹس 30 مارچ والے ہفتے سے، تمام طلباء (PK-6) میں، بذریعہ ڈاک بانٹے جائیں گے۔

- پرنسپل حضرات والدین کو، ہدایات کا ایک شائع شیڈول بھیجیں گے۔

- 30 مارچ والے ہفتے سے، پڑھائی لکھائی اور ریاضی کا مواد FCPS کیبل چینل 21 پر بھی دستیاب ہو گا (اپنی مقامی لسٹنگ دیکھیں یا آن لائن سٹریم کریں)۔

- ٹیچر اور طالب علم کے آن لائن رابطے کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے۔

- خاص اساتذہ تعلیمی سرگرمیاں بلیک بورڈ پر، ڈالیں گے۔

خصوصی تعلیم کے ذرائع

FCPS کا عملہ انتہائی محنت کے ساتھ، مراسلاتی تعلیمی مواد تیار کر رہا ہے تا کہ اس بات کو، یقینی بنایا جا سکے کہ انفرادی تعلیمی پروگراموں اور 504 پلان کے حامل طلباء سمیت، تمام طلباء تعلیمی مواد اور سرگرمیوں تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔

معذوری سے متعلق، بہت سی ترمیمات اور خدمات مؤثر طریقے سے، آن لائن فراہم کی جا سکتی ہیں۔ مثال کے طور پر، ان میں درج ذیل عوامل شامل ہو سکتے ہیں: اسائنمنٹس کے وقت میں توسیع، اسائنمنٹس میں ترمیمات، درست ترجمہ کے ساتھ ویڈیوز یا اشاروں کی زبان شامل کرنا، مطالعاتی مواد تک رسائی اور ویڈیو کانفرنس کے ذریعے، گفتکو اور زبان کی مختلف خدمات۔ دفتر برائے خصوصی تعلیمی ہدایات کی طرف سے، ایک Accommodations Toolbox تشکیل دیا گیا ہے اور FCPS Continuity of Learning کے ویب پیج پر ڈالا گیا ہے، جس میں طلباء گھر پر سہولیات تک کس طرح رسائی حاصل کر سکتے ہیں، اس سے متعلق حکمت عملیاں اور وسائل شامل کیئے گئے ہیں۔

Continuity of Learning resources بلیک بورڈ کے علاوہ، FCPS کی عوامی ویب سائٹ پر بھی ڈالے گئے ہیں: https://www.fcps.edu/news/coronavirus-update-academics-distance اس کے علاوہ، FCPS تمام طلباء اور اساتذہ کے لیئے، رسائی ممکن بنانے کے حوالے سے، اضافی آن لائین پلیٹ فارمز کا بھی جائزہ لے رہا ہے۔

انگریزی زبان سیکھنے والے طلباء

دفتر برائے ESOL سروسز انگریزی سیکھنے والے طلباء کے لیئے، قابل رسائی وسائل تشکیل دینے کے حوالے سے، اس شعبے کی ٹیم کے ساتھ، مل کر کام کر رہے ہیں۔ بیک وقت انگریزی زبان کی مہارت، مواد کی تفہیم اور Portrait of a Graduate کی اوصاف تشکیل دینے کے لیئے، انگریزی زبان سیکھنے والے طلباء (ELs) گریڈ لیول کی ہدایات اور سرگرمیوں سمیت، انگریزی زبان کی ترقی (ELD) کی سرگرمیوں میں بھی شرکت کریں گے۔ طلباء کے لیئے، بہت ضروری ہے کہ وہ روزانہ انگریزی پڑھیں، لکھیں، بولیں اور سنیں۔ FCPS کی طرف سے، ELD وسائل تشکیل دیئے جا رہے ہیں، جس میں پڑھنے، لکھنے، سننے اور بولنے کی سرگرمیاں شامل کی گئی ہیں۔

انگریزی سیکھنے والے طلباء اور گھرانے ESOL کے اساتذہ اور اسکول کی بنیاد پر کام کرنے والے، والدین کے رابطہ کاروں کی طرف سے، مدد حاصل کریں گے۔ اس کے علاوہ، FCPS ان گھرانوں کے لیئے، والدین کی معلوماتی فون لائنز فراہم کریں گے، جو انگریزی کے علاوہ کوئی اور زبان بولتے ہیں۔ فون کا جوابی عملہ سالوں کے جواب دے گا اور گھرانوں کو، وسائل سے جوڑے گا۔

والدین کے لیئے، معلوماتی فون لائن – اردو- 571-423-4955

تیسری سہ ماہی کی معلومات
تیسری سہ ماہی کی گریڈنگ بک بند نہیں ہوئی ہے۔ ہم اس امر کو، یقینی بنانے پر، کام کر رہے ہیں کہ اس سے پہلے کہ ہم تیسری سہ ماہی کا اختتام کریں، طلباء کو اسکول بند ہونے سے پہلے، جاری تمام اسائنمنٹس مکمل کرنے کا موقع مل جائے۔ ہم اپنے طلباء کو، انتہائی نرم شیڈول فراہم کریں گے تا کہ وہ اپنے اسائنمنٹس جمع کروا سکیں۔

مراسلاتی تعلیمی ٹائم لائن
ورجینیا کے محکمہ تعلیم (VDOE) کی طرف سے، اسکول انتظامیہ کو فراہم کردہ رہنمائی کے مطابق، پچھلے دو ہفتوں کے دوران، کوئی بھی نئی ہدایات درکار نہیں تھیں۔ اس کے نتیجے میں، FCPS کی طرف سے، تعلیم جاری رکھنے میں، مدد کے حوالے سے، فوری طور پر والدین کے لیئے، وسائل تشکیل دے دیئے گئے۔ ہزاروں کی تعداد میں لوگوں نے، بلیک بورڈ پر ڈالے گئے وسائل، ہماری FCPS کی ویب سائٹس اور اس کے علاوہ ہمارے کیبل چینلز پر، دستیاب پروگرامنگ کا استعمال کیا۔

مراسلاتی تعلیم شرع کرنے کے حوالے سے، درج ذیل امور کا شامل ہونا ضروری ہے:

- تمام طلباء کے لیئے، ٹیکنالوجی کی سہولت
- ہمارے طلباء کی مختلف تعلیمی ضروریات
- موثر عمل درامد کے لیئے، اساتذہ کی مناسب ٹریننگ
- محمکہ صحت کی ہدایات کے مطابق، ایک وقت میں ایک طالب علم کو، مد نظر رکھتے ہوئے، مڈل اور ایلیمنٹری اسکول کے تقریبا 15,000 طلباء میں لیپ ٹیپس کی تقسیم
- پورے فیئرفیکس کاؤنٹی میں *ہر ہفتے*، 125,000 تعلیمی پیکٹس بنا کر گھروں میں، ارصال کرنا

یہ مراسلاتی تعلیمی پلان ہمارے FCPS کے عملے کے ارکان کے لیئے، بھی ایک چیلنج ہے، جو گھر سے کام کر رہے ہیں اور اس کے ساتھ ساتھ، اپنی اور اپنے گھروالوں کی صحت کا بھی خیال رکھ رہے ہیں۔

نتیجہ
ہم بہت سی مشکلوں کا سامنہ کر رہے ہیں، جن کا ہم کچھ ہفتے پہلے تصور بھی نہیں سکتے تھے۔ ہمارے اساتذہ پیشہ ور افراد ہیں، جو آپ کے طلباء کے لیئے، مفید تعلیمی تجربات تشکیل دینے کے حوالے سے، ہر طرح کا تعاون کر رہے ہیں۔ آپ کی مدد اور تعاون کا شکریہ۔ ہمارے اسکول اور اساتذہ یہ مراسلاتی تعلیمی مشن شروع ہونے سے کافی دن پہلے ہی، آپ سے رابطہ کر لیں گے۔

اس ناگہانی صورتحال کا سامنہ کرنے میں، ایک دوسرے کا ساتھ دینا اور مدد کرنا جاری رکھیں۔

مخلص،
سپرنٹنڈنٹ، Scott Brabrand
فیئرفیکس کاؤنٹی پبلک اسکول